ربّ تعالیٰ سے گہرا تعلق استوار کرنا چاہیے بلکہ دوسروں پر غلبہ کے لیے بھر پور اجتماعی مساعی کر کے اس کا زمینی جواز بھی مہیا کرنا چاہیے، اللہ کی مدد صرف دعاؤں کے سہارے نہیں آئے گی۔ نبی عربی کے اُمتی ہونے کے ناطے ہم اس امید پر جئیں کہ ہمیں قوموں کے اس مقابلے میں خود بخود غلبہ حاصل ہو جائے گا تو یہ محض حالات سے چشم پوشی اور اپنے آپ کو دھوکہ دینے کے مترادف ہے۔ ہمارا انفرادی کردار ہم سے بہت بہتری کا متقاضی ہے اور اجتماعی سطح پر ہمیں غیر معمولی محنت کی ضرورت ہے۔ اللہ کی سنت تغیر احوال میں یہی رہی ہے۔ اگر ہم ربّ تعالیٰ سے ہی اپنا تعلق مستقل اور قوی بنیادوں پر استوار کر لیں اور یہ رویہ پورے اجتماع میں سرایت کر جائے تب غیبی امداد کی بھی توقع کی جاسکتی ہے ورنہ ایسے حالات میں ہر قسم کی آزمائش کے لیے ہمیں تیار رہنا چاہیے۔ اللہ تعالیٰ کا مسلمانوں سے وعدہ ہے ﴿وَأَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ اِنْ كُنْتُم مُّوْمِنِيْنَ﴾

''اگر تم مؤمن ہوئے تو تم ہی سربلند ہوگے۔'' (آلِ عمران:۱۳۹)

جو لوگ صرف دعاؤں کے سہارے ان مصائب کا مقابلہ کرنا چاہتے ہیں انہیں اسی پر اکتفا کرنے کی بجائے اپنے عمل سے بھی اس کی تائید کرنا ضروری ہے۔ ربّ کی رحمت کے سہارے ہاتھوں پر ہاتھ دھر کر بیٹھ رہنا اور کامیابی کی امید رکھنا اسلام کے سوءِ فہم کا نتیجہ ہے۔ اللہ کی یہ سنت پہلے کبھی رہی ہے اور نہ ہی اس کا اللہ نے ہمیں حکم دیا ہے!!

ایک افسوسناک خبر: ۲۷ مئی ۲۰۰۳ء کی صبح ۳ بجے معروف عالم دین اور نامور قلمکار مولانا عزیز زبیدی طویل علالت کے بعد لاہور میں انتقال کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون

بے شمار علمی و دینی خدمات کے علاوہ ادارۂ محدث سے آپ کا خصوصی تعلق تھا۔ محدث میں آپ نے بہت لکھا اور ابتدائی چند سال اس کی ادارت کے فرائض بھی انجام دیے۔ محدث نے اپنے پہلے شمارے (دسمبر ۱۹۷۰ء) میں آپ کے لکھے ہوئے اداریے 'بسم اللہ مجریھا ومرسھا مسلکِ اہل حدیث؛ ماضی حال اور مستقبل' سے اپنے سفر کا آغاز کیا۔ آپ کی عربی زبان میں لکھی ہوئی صحیح بخاری کی تفصیلی شرح آج بھی مجلس التحقیق الاسلامی میں مخطوط موجود ہے۔ دوسال قبل اپنی ذاتی لائبریری آپ نے ادارۂ محدث کو عنایت کی۔ ادارہ ان کی وفات پر گہرے رنج وغم کے علاوہ آپ کے پس ماندگان اور جماعت کے اہل علم سے اظہارِ تعزیت کرتا ہے۔

ان کے بارے میں مضامین آئندہ شمارہ میں شائع ہوں گے۔ ان شاء اللہ

اہل قلم حضرات اپنی نگارشات جلد ارسال کر دیں جزاکم اللہ ادارہ

www.KitaboSunnat.com